## قومی تعمیر نو بیورو کے چیئرمین اور صدر آصف علی زرداری کے خصوصی نمائندے ڈاکٹر عاصم حسین کی لندن میں ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے ملاقات

## ملک میں جاری دہشت گردی، سیکوریٹی کی صورتحال، سیاسی حالات اور ملک کی مجموعی صورتحال پر اہم بات چیت

## ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے حکومت کو اپنے غیر مشروط تعاون کا یقین دلاتا ہوں۔ الطاف حسین

## الطاف حسین ملک کیلئے جن جذبات کا اظہار کررہے ہیں دیگر رہنماؤں کو بھی یہی مثبت جذبہ اختیار کرنے کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر عاصم

لندن۔۔۔7 اکتوبر 2008ء۔۔قومی تعمیر نو بیورو کے چیئرمین اور صدر آصف علی زرداری کے خصوصی نمائندے ڈاکٹر عاصم حسین نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک میں جاری دہشت گردی، سیکوریٹی کی صورتحال، سیاسی حالات اور ملک کی مجموعی صورتحال پر اہم بات چیت کی گئی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک جس سنگین صورتحال اور خطرات سے دوچار ہے اس کا تقاضہ ہے کہ ملک کی تمام سیاسی جماعتیں ملک کی بقاء کے ایک نکاتی ایجنڈے کیلئے اتحاد کا مظاہرہ کریں اور حکومت بھی ملک کو خطرات سے نکالنے کیلئے کئے جانے والے اقدامات کے سلسلے میں سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لے تاکہ ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے اتفاق رائے قائم ہوسکے۔ جناب الطاف حسین نے ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے حکومت کو اپنے غیر مشروط تعاون کا یقین دلایا۔ قومی تعمیر نو بیورو کے چیئرمین ڈاکٹر عاصم حسین نے جناب الطاف حسین کے خیالات سے مکمل اتفاق کیا اور ملک کو درپیش خطرات اور بحرانوں سے نکالنے کے سلسلے میں غیر مشروط تعاون کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت جناب الطاف حسین ملک کیلئے جن جذبات اور خیالات کا اظہار کررہے ہیں دیگر رہنماؤں کو بھی یہی مثبت جذبہ اختیار کرنے کی ضرورت ہے۔

## ملک میں دہشت گردی کا بازار گرم کرنے والے اور معصوم انسانوں کا خون بہانے والے عناصر ملک اور انسانیت کے دشمن ہیں۔ الطاف حسین

## لاہور کے علاقے گڑھی شاہو میں بم دھماکوں کی شدید مذمت، زخمیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار

## عوام کی جان و مال کے تحفظ اور دہشت گردی کی روک تھام کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں

لندن۔۔۔7 اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور کے علاقے گڑھی شاہو میں بم دھماکوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردی کی وباء پورے میں ملک میں پھیل رہی ہے اور خودکش حملے اور بم دھماکے روز کا معمول بنتے جارہے ہیں، گزشتہ روز پنجاب کے شہر بھکر میں رکن قومی اسمبلی کے ڈیرے پر ہونے والے خودکش بم دھماکے میں عیدالفطر کی مبارکباد کیلئے جمع ہونے والے درجنوں معصوم و بے گناہ افراد جاں بحق وزخمی ہوئے اور آج لاہور میں تین بم دھماکے ہوئے جن میں کئی افراد زخمی ہوئے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک بھر میں دہشت گردی کا بازار گرم کرنے والے اور معصوم انسانوں کا خون بہانے والے عناصر ملک اور انسانیت کے دشمن ہیں اور ملک کے تمام عوام کو ان ملک دشمن عناصر کے خلاف متحد ہوجانا چاہیے۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سے کہا کہ ملک بھر میں عوام کی جان و مال کے تحفظ اور دہشت گردی کی روک تھام کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے لاہور میں ہونے والے بم دھماکوں کے زخمیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور ان کی جلد صحتیابی کی دعا کی۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شکیل عمر کی والدہ محترمہ جمیلہ بیگم کی علالت پر الطاف حسین کا اظہار تشویش

لندن۔۔۔7 اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شکیل عمر کی والدہ محترمہ جمیلہ بیگم کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد صحتیابی کی دعا کی ہے۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدردوں سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ شکیل عمر کی والدہ کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔

## محبان پاکستان اوورسیز سعودی عرب کے وفد کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے ملاقات

## وفد نے قائد تحریک الطاف حسین کیلئے عیدالفطر کا پیغام دیا

## خلیجی ریاستوں میں مقیم پاکستانی جناب الطاف حسین کی پالیسیوں اور پاکستان کی بقاء کیلئے انکے مثبت کردار کے معترف ہیں۔محبان پاکستان

کراچی۔۔۔7،اکتوبر2008ء۔۔۔سعودی عرب اور خلیجی ریاستوں میں مقیم پاکستانیوں کی تنظیم محبان پاکستان کے عہدیداران اور کارکنوں کے ایک وفد نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر نصرت ،شاہد لطیف اور نیک محمد سے ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کیلئے محبان پاکستان کی جانب سے عیدالفطر کی مبارکباد کا پیغام دیا۔وفد میں محبان پاکستان سعودی عرب کے شہروں جدہ، دمام اور ریاض کے عہدیداران وکارکنان شامل تھے۔اس موقع پر محبان پاکستان اوورسیز کمیٹی کے اراکین امتیاز احمد طاہر،سید اطہر قاسم اور راشد علی خان بھی موجود تھے۔محبان پاکستان کے عہدیداروں اور کارکنوں نے رابطہ کمیٹی کے اراکین کو اوورسیز یونٹوں کی کارکردگی سے آگاہ کیا اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال بھی کیا۔انہوں نے بتایا کہ سعودی عرب اور خلیجی ریاستوں میں مقیم پاکستانیوں میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کیلئے نیک جذبات پائے جاتے ہیں اور وہ جناب الطاف حسین کی پالیسیوں اور پاکستان کی بقاء کیلئے ان کے مثبت کردار کے معترف ہیں۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین نے محبان پاکستان کے عہدیداروں اور کارکنوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ وہ جہاں کہیں بھی ہوں اپنی بساط کے مطابق تحریک کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کے فروغ اور مشن کو آگے سے آگے بڑھانے کیلئے اپنی صلاحیتوں کو ضرور استعمال کریں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی عملی جدوجہد کے باعث ہی آج دنیا بھر میں ایم کیوایم کا تحریکی دائرہ کار بڑھتا جارہا ہے اوراس جدوجہد میں شہداء کی لازوال قربانیاں ہمارے لئے مشعل راہ ہیں۔

## ضلع سکھر کے حق پرست کونسلر سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔7،اکتوبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ضلع سکھر کے حق پرست کونسلر محمد اکرم کے بھائی محمد اسلم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆